b) **عبوری رقم (ٹاپ اپ) زرشمولیت:** عبوری زرشمولیت پی آئی اے میں اضافی یونٹس کو محفوظ رکھنے کے لیے کسی بھی وقت ادا کی جاسکتی ہے، بشرطیکہ یہ چارجز اینڈ ورسمنٹ میں آپریٹر کی جانب سے صراحت کردہ کم از کم کی حد سے نیچے نہیں جاتیں۔ عبوری زرشمولیت کا اختصاص آپریٹر کے اکاؤنٹ میں عبوری زرشمولیت کی وصولی کے فوری بعد ویلیوایشن کی تاریخ پر موجود آفر پرائس پر کیا جاتا ہے۔ عبوری زرشمولیت کی ادائیگی اس ممبرشپ کے تحت ریگولر تجدیدی زرشمولیت کی معاہدہ جاتی حیثیت پر اثر انداز نہیں ہوگی۔ عبوری زرشمولیت کا زر تکافل کی حامل رقم سے کوئی تعلق نہیں ہے۔ تاہم شریک تکافل ممبرشپ کے اجراء کے وقت اس اختیار کو منتخب کرنے کے ذریعے ریگولر زرشمولیت (بشمول کوئی بھی ضمنی فوائد کی زرشمولیت) کی ادائیگی کا انتخاب عبوری یونٹ اکاؤنٹ (دیئے گئے مناسب یونٹس کی یونٹ اکاؤنٹ میں دستیابی) سے ان کی کٹوتی کے ذریعے کرسکتے ہیں۔ اگر اسے منتخب کیا گیا ہو تو یہ انتظام شریک تکافل کی جانب سے دستخط شدہ السٹریشن کے تحت کیا جائے گا۔ شریک تکافل اس آپشن کا انتخاب ایک کنزی بیوشن ایڈجسٹمنٹ فارم کو بھرنے کے ذریعے ممبرشپ کی مدت کے دوران بھی کرسکتے ہیں۔ پی ایم ڈی میں درج کردہ تمام فنڈ پریکٹس کے قوانین لاگو ہوں گے۔

C5. **Surrender**

The Membership may be surrendered on any Date, upon written request by the Participant to the Operator. The amount payable on surrender shall be the Cash Surrender Value of the Membership i.e. available units multiplied by Bid Price prevailing on the day immediately after receipt of applied surrender request, less Surrender Charges as mentioned in the Charges Endorsement.

C5) **دستبرداری**

ممبرشپ کو کسی بھی تاریخ پر شریک تکافل کی جانب سے آپریٹر کو تحریری درخواست کے تحت ختم کیا جاسکتا ہے۔ اس دستبرداری پر قابل ادا رقم دستیاب یونٹس کو ممبرشپ کی کیش سرینڈر ویلیو یعنی دستبرداری کی درخواست کی وصولی کے فوری بعد اس روز لاگو موجودہ بڈ پرائس سے ضرب (ملٹی پلائی) کرنے اور سرینڈر چارجز کو منہا کرنے کے بعد ظاہر ہونے والی رقم ہوگی جیسا کہ چارجز اینڈ ورسمنٹ میں واضح کردیا گیا ہے۔

C6. **Partial Withdrawals**

You may request the Operator for a partial withdrawal from the Cash Surrender Value of the Membership to be made on any Date after a certain period as specified in the Charges Endorsement whilst the Membership is in full force.

The Operator will, upon receipt of such a request, deduct the Surrender Charge and Surrender Processing Fee from the partial withdrawal amount, as specified in the Charges Endorsement.

When a partial withdrawal is made, the amount of partial withdrawal will be deducted from the Cash Surrender Value.

The amount payable will be calculated by multiplying the number of the surrendered units with the bid price at the Valuation Date following receipt by the Operator of the request for partial withdrawal.

The number and amount of partial withdrawals in a Membership Year are subject to limits specified in the Charges Endorsement.

C6) **جزوی دستبرداری**

آپ ممبرشپ کے مکمل طور پر نافذ العمل ہونے کے دوران چارجز اینڈ ورسمنٹ میں درج ایک مخصوص مدت کے بعد کسی بھی تاریخ پر ممبرشپ کی کیش سرینڈر ویلیو سے جزوی دستبرداری کے لیے آپریٹر کو درخواست دے سکتے ہیں۔ آپریٹر ایسی کسی بھی درخواست کی وصولی پر جزوی دستبرداری کی رقم سے سرینڈر چارج اور سرینڈر پروسیسنگ فیس منہا کرے گا جیسا کہ چارجز اینڈ ورسمنٹ میں واضح کردیا گیا ہے۔ جب ایک جزوی دستبرداری عمل میں آتی ہے تو جزوی دستبرداری کی رقم کیش سرینڈر ویلیو سے منہا کرلی جاتی ہے۔

قابل ادا رقم کا تخمینہ جزوی دستبرداری کے لیے درخواست کی آپریٹر کو وصولی کے بعد ویلیوایشن تاریخ پر بڈ پرائس کے ساتھ سرینڈر کردہ یونٹس کی تعداد کو ضرب (ملٹی پلائی) کرنے کے ذریعے لگایا جاتا ہے۔ ممبرشپ کے سال میں جزوی دستبرداری کی رقم اور تعداد چارجز اینڈ ورسمنٹ میں واضح کردہ حدود سے مشروط ہیں۔

(D) FUND PRACTICE

(D) فنڈ کی پریکٹس

Investment in PIA is available only after the issuance of the Family Takaful Membership by the Operator. Investment of fund will be managed under Shariah Principles.

The Participant may select any fund to invest in as per available fund options with reference to the **Participant Investment Fund (PIF) Asset Allocation Endorsement** attached to the PMD.

پی آئی اے میں سرمایہ کاری صرف آپریٹر کی جانب سے فیملی تکافل ممبرشپ کے اجراء کے بعد دستیاب ہے، فنڈ کی سرمایہ کاری کا انتظام شریعت کے اصولوں کے تحت کیا جائے گا۔

شریک تکافل پی ایم ڈی سے منسلک پارٹیسپنٹ انویسٹمنٹ فنڈ (پی آئی ایف) ایسیٹ ایلوکیشن اینڈورسمنٹ میں دیئے گئے حوالے کے ساتھ فنڈ کے دستیاب آپشنز کے مطابق کسی بھی فنڈ میں سرمایہ کاری کا انتخاب کرسکتے ہیں۔

D1. **Valuation of a Fund's Assets**

The value of a fund is the sum of the value of its underlying assets at the valuation point. This includes fund income received, and also accrued entitlements for dividends, profit receivable and other income up to the valuation point.

Appropriate provision is also made for tax and investment costs and charges paid and accrued for up to the valuation point.

The value of investments can rise as well as fall and is not guaranteed – this means that an investor could get back less than they have invested.

D1) **فنڈ کے اثاثہ جات کی ویلیوایشن**

کسی بھی فنڈ کی مالیت ویلیوایشن پوائنٹ پر اس کے زیر اثر اثاثہ جات کی ویلیو کی رقم ہے، اس میں وصول شدہ فنڈ کی آمدنی اور منافع منقسمہ کے لئے حاصل کردہ نفع، قابل وصول منافع جات اور ویلیوایشن پوائنٹ تک دیگر آمدنی بھی شامل ہے۔

ٹیکس اور سرمایہ کاری کے اخراجات اور ادا شدہ چارجز کے لیے مناسب وموزوں الاؤنس بھی تیار کی گئی ہے اور ویلیوایشن پوائنٹ تک کے لیے حاصل شدہ ہے۔

سرمایہ کاریوں کی مالیت بڑھنے کے ساتھ گر بھی سکتی ہے اور یہ ضمانت شدہ نہیں ہے۔ اس کا مطلب یہ ہے کہ کوئی بھی سرمایہ کار اس سے کم منافع حاصل کرسکتا ہے جتنا اس نے سرمایہ لگایا تھا۔

In effect, two valuations of each fund are made at every valuation point, one having regard to the prices at which the assets might be purchased (purchase valuation), and the other having regard to the prices at which assets might be sold (sale valuation). For some funds, where the assets held are single priced, these two valuations are the same.

One of these valuations will be chosen by the Operator for determining the bid prices to be used in Participant transactions for that pricing point. The process of deciding which basis is used is shown below in 'Basis for fund valuation and Participant unit transactions'.

Assets of directly invested funds are valued using a valuation point of close of market on the valuation date. For funds that invest in unit trusts the assets are valued using the latest published price available on the valuation date. The Net Assets shall be subject to revaluation (marked-to-market) on daily basis.

Prices for the underlying assets in the fund are obtained as follows:

- For publicly quoted securities, the Operator uses quoted prices (bid and offer prices or single prices depending on the asset) from recognised market data vendors, or published prices from operators of unit trusts;
- For other assets, prices are obtained from reputable independent valuers or brokers;
- Property prices will be based on periodic certified valuations with adjustments made during the period in line with advice from the valuers;
- Cash and deposits are shown at their actual face values;
- There may be occasions when accurate individual security prices cannot be obtained for either assets or markets due to circumstances beyond our reasonable control. In such cases the Operator will follow approved contingency procedures which ensure that an appropriate fair value is used for the relevant assets;

In the event of a major disruption affecting the Operator's ability to value assets of the fund then the Operator may suspend dealing. Participant's transactions will then be processed at the next available pricing point after the Operator returns to normal operating capability. Any affected Participants will be notified by the Operator's Customer Service department.

This practice is implemented in order to protect the fair value of the fund and is done to protect the interests of all existing Participants and any potential new Participants.

D2. Expenses for buying and selling holdings

Provisions are made in the valuation of the fund's assets in order to allow for the extra costs that will be incurred when the fund either buys more assets or sells some of its existing assets.

- In the case of a fund with directly held ordinary shares listed on a stock exchange, according to the Shariah Guidelines, these will be made up of stockbroker commissions and stamp duty where applicable.
- In the case of direct holdings of property these will include such costs as estate agents' commissions, surveyor's and legal costs and stamp duty where applicable.
- In the case of holdings of units in single priced assets, or holdings of cash, where there would be no buying or selling expenses, then none are allowed for;

This is to ensure that any new transactions are made at a price that fully reflects the market costs which will be incurred when the fund makes such trades.

These provisions for dealing purchase and sale costs are regularly reviewed against the market and amended where necessary to take account of changes in market conditions and any government or other taxes or levies.

The allowances for selling costs are deducted from the total underlying asset values as part of the preparation of the sale basis valuation, and the allowances for buying costs are added to the total underlying asset values as part of the preparation of the purchase basis valuation.

اس سلسلے میں ہر ایک فنڈ کی دو ویلیوایشنز ہر ایک ویلیوایشن پوائنٹ پر تیار کی گئی ہیں، ایک نرخوں سے متعلق ہے جس پر اثاثہ جات ممکنہ طور پر خریدے (خریداری کی ویلیوایشن) گئے ہیں اور دوسری ان نرخوں سے متعلق ہے جس پر اثاثہ جات ممکنہ طور پر فروخت (فروختگی ویلیوایشن) کیے گئے۔ کچھ فنڈز کے لیے جہاں اثاثہ جات سنگل نرخوں پر رکھے گئے، یہ دو ویلیوایشنز یکساں ہیں۔

ان ویلیوایشنز میں سے ایک کا انتخاب آپریٹر کی جانب سے بڈ پرائسز کے تعین کے لیے شریک تکافل کی ٹرانزیکشنز میں استعمال کیلئے منتخب کیا جائے گا جو پرائسنگ پوائنٹ کیلئے ہے۔ فیصلہ کرنے کا عمل جس بنیاد پر استعمال کیا گیا اسے ذیل میں ''بنیاد برائے فنڈ ویلیوایشن اور پارٹیسپینٹ یونٹ ٹرانزیکشنز'' میں دیا گیا ہے۔

براہ راست سرمایہ کاری کے فنڈز کے اثاثہ جات کی مالیت کا اندازہ ویلیوایشن کی تاریخ پر مارکیٹ کی بندش کے ویلیوایشن پوائنٹ کے استعمال کے تحت لگایا گیا ہے۔ ان فنڈز کے لیے جن کو یونٹ ٹرسٹ میں انویسٹ کیا گیا ہے ان کے اثاثہ جات کی مالیت کا اندازہ ویلیوایشن کی تاریخ پر دستیاب تازہ ترین شائع شدہ نرخ استعمال کرتے ہوئے لگایا گیا ہے۔ خالص اثاثہ جات روزآنہ کی بنیاد پر ری ویلیوایشن (مارکیٹ ٹو مارکیٹ) سے مشروط ہوگی۔

فنڈ میں بنیادی اثاثہ جات کے لیے نرخوں کو درج ذیل طریقے کے مطابق حاصل کیا جاتا ہے:

- پبلکلی کوٹیڈ سیکیورٹیز کے لیے آپریٹر تسلیم شدہ مارکیٹ ڈیٹا وینڈرز سے درج کردہ نرخ (بڈ اور آفر پرائسز یا اثاثہ جات پر منحصر سنگل نرخوں) یا یونٹ ٹرسٹس کے آپریٹرز سے شائع کردہ نرخوں کا استعمال کرتا ہے۔
- دیگر اثاثہ جات کے لیے نرخ مستند انڈیپنڈنٹ (آزاد) ویلیورز یا بروکرز سے حاصل کیے جاتے ہیں۔
- جائیداد کے نرخ مختلف مدت کے حامل سرٹیفائیڈ ویلیوایشنز مع اس مدت کے دوران ویلیورز سے مشاورت کے ساتھ کی گئی ایڈجسٹمنٹس کے مطابق ہوں گے۔
- کیش اور ڈپازٹس ان کی حقیقی فیس ویلیوز پر ظاہر کئے جاتے ہیں۔
- ان میں ایسے مواقع آسکتے ہیں جب کسی بھی اثاثہ جات یا مارکیٹس کے لیے ہمارے کنٹرول سے باہر حالات کے سبب حقیقی انفرادی سیکیورٹی نرخ حاصل نہیں کیے جاسکتے۔ ایسے کیسز میں آپریٹر منظور شدہ ہنگامی طریقہ کار پر عمل کرے گا جو اس امر کو یقینی بنائے گا کہ متعلقہ اثاثہ جات کے لیے موزوں فیئر ویلیو کا استعمال کیا گیا ہے۔

کسی بھی ایسی بڑی رکاوٹ کی صورت میں جس سے فنڈ کے اثاثہ جات کی ویلیو کا اندازہ لگانے کے لیے آپریٹر کی صلاحیت متاثر ہورہی ہو تو آپریٹر اس ڈیلنگ کو معطل کرسکتا ہے۔ تب شریک تکافل کی ٹرانزیکشنز پر کارروائی آپریٹر کی عمومی آپریٹنگ کی صلاحیت بحال ہونے کے بعد آئندہ دستیاب پرائسنگ پوائنٹ پر کی جائے گی۔ متاثرہ شریک تکافل کو آپریٹر کے کسٹمر سروس ڈپارٹمنٹ کی جانب سے اس بارے میں مطلع کردیا جائے گا۔

یہ طریقہ کار فنڈ کی فیئر ویلیو کے تحفظ کی غرض سے لاگو کیا گیا ہے اور تمام موجودہ شریک تکافل اور کسی بھی نئے ممکنہ شریک تکافل کے مفادات کا تحفظ کرتا ہے۔

(D2 خریداری اور فروخت کی ہولڈنگز کیلئے اخراجات

فنڈ کے اثاثہ جات کی ویلیوایشن میں کی گئی شقیں اضافی اخراجات کے لیے اجازت دینے کے ضمن میں ہیں جو اس وقت حاصل کی جاتی ہیں جب فنڈ یا تو مزید اثاثہ جات خرید رہا ہو یا اپنے موجودہ اثاثہ جات میں سے کچھ فروخت کررہا ہو۔

- ایسی صورت میں جب کوئی فنڈ شریعت کی رہنما ہدایات کے مطابق براہ راست کسی اسٹاک ایکسچینج پر لسٹڈ اور ڈٹری شیئرز کا حامل ہو، یہ اسٹاک بروکر کمیشنز اور اسٹامپ ڈیوٹی، جہاں لاگو ہو، کا حامل ہوگا۔
- جائیداد کی براہ راست ہولڈنگز کی صورت میں ان میں ایسے اخراجات مثلاً اسٹیٹ ایجنٹس کے کمیشنز، سروئیر کے اور قانونی اخراجات اور اسٹامپ ڈیوٹی، جہاں لاگو ہو، شامل ہوں گے۔
- ایسی صورت میں جبکہ یونٹس کی ہولڈنگز سنگل پرائس اثاثہ جات یا کیش کی ہولڈنگز میں ہوں، جہاں ان میں کوئی خریداری یا فروخت کے اخراجات نہ ہوں، تب ان میں کسی کی اجازت نہیں ہوگی؛

یہ اس امر کی یقین دہانی کے لیے ہے کہ اس نرخ پر کوئی نئی ٹرانزیکشنز نہیں کی جائے گی جو کہ مکمل طور پر مارکیٹ کی لاگت کی عکاسی کرتے ہوں جو اس وقت حاصل کئے جائیں گے جب فنڈ ان کی تجارت کرے گا۔

یہ شقیں خریداری کی ڈیلنگ اور فروخت کے اخراجات کے لیے ہیں جن کا مارکیٹ کے تحت باقاعدہ جائزہ لیا جاتا ہے اور جہاں ضروری ہو اس میں مارکیٹ کی صورتحال کے مطابق اور کسی بھی سرکاری یا دیگر ٹیکسز یا لیویز کے تحت ترمیم کی جاتی ہے۔

فروخت کے اخراجات کے لیے الاؤنسز مجموعی بنیادی اثاثہ جات کی مالیت سے فروخت کی بنیادی ویلیوایشن میں سے کٹوتی کی جاتی ہے اور خریداری کے اخراجات کے لیے الاؤنسز کو مجموعی بنیادی اثاثہ جات کی مالیت میں خریداری کی بنیادی ویلیوایشن میں شامل کرلیا جاتا ہے۔

D3. Provision for taxation

The basic principle that is adopted for taxation calculations for each Participant Investment Fund (PIF) is to assume that the tax legislation applies to that fund as if it were a single separate company that is not associated with any other unitised fund.

The basis of taxation chosen aims to achieve broad equity between generations of Participants and fairness for the fund.

The basis encompasses tax that has been or will be paid on profits, dividends, rent or other income arising from the underlying assets of the fund together with any corporation tax, capital gains tax, value added tax, development tax, statutory levy, any other tax, duty, levy or imposition which may be imposed by any legislation, order, regulation, or otherwise and is not otherwise taken into account and which in the opinion of the Operator is a liability actual or potential on the Fund.

D4. Basis for fund valuation and Participant unit transactions

Assets of each fund are revalued on a daily basis (business days) based on available market prices to determine the net asset value of the funds which is then divided into the number of units outstanding to arrive at the bid price per unit of each fund.

Bid Price is the price at which units in the funds can be redeemed and offer price is the price at which units are purchased.

A bid and offer spread is maintained to cover the dealing cost, allowance for taxes, duties and other charges payable when buying the assets. This spread is mentioned in the Charges Endorsement.

D5. Creation and Cancellation of Units

When units are created in a fund, then the Operator will add to the fund an amount not less than the value calculated as the number of units created multiplied by the unit price on a purchase valuation basis of the units created, increased by such amount as the Operator considers appropriate in respect of the costs of acquisition of investments.

When units are cancelled in a fund, then the Operator will take from the fund an amount not more than the value calculated as the number of units liquidated multiplied by the unit price on a sale valuation basis of the units cancelled, decreased by such amount as the Operator considers appropriate in respect of the costs of realisation of investments.

D6. Unit prices and rounding

The value of the fund is divided by the number of units in issue for that fund to arrive at the un-rounded unit bid price. This price is calculated to several significant figures, typically seven, for example 123.4567.

The un-rounded unit bid price in Rupees is rounded on a neutral basis to four decimal places to determine the published bid price.

The un-rounded bid price is divided by (1-bid offer spread) as specified in the Charges Endorsement and rounded on a neutral basis to four decimal places to determine the published offer price.

D7. Publication of prices

PIF unit prices are released as soon as they become available, to market information vendors, and are published on the Operator's website at www.adamjeelife.com.

D8. Launching, merging and closing funds

New funds may be added to the Participant Investment Fund (PIF) range, in response to changes in customer requirements. Each PIF needs to reach and maintain a minimum size in order to operate effectively.

The Operator puts its own money into new funds at launch, and creates units in the normal way, to ensure the fund reaches the minimum size. This is known as 'seeding'. The seed money is withdrawn, by liquidating units only as the fund exceeds the minimum sustainable size and the fund no longer needs this support.

The Operator reserves the right to close funds or merge funds together at any time provided that it believes it is reasonable to do so. For example, it may decide that a fund has insufficient assets to be managed efficiently or because investments to match the fund objectives are no longer available.

D3) ٹیکسیشن کے لیے شق

بنیادی اصول جو کہ ہر ایک پارٹیسپینٹ انویسٹمنٹ فنڈ (پی آئی ایف) کے لیے ٹیکسیشن کے تخمینہ جات کے لیے رائج کیا ہے، اس کے بارے میں تصور کیا جاتا ہے کہ ٹیکس کا قانون اس پر اس طرح لاگو کیا جائے گا جیسا کہ یہ فنڈ ایک سنگل علیحدہ کمپنی جو کہ کسی دیگر یونی ٹائزڈ فنڈ کے ساتھ منسلک نہیں ہے۔

منتخب کردہ ٹیکسیشن کی بنیاد کا مقصد شریک تکافل کی مختلف جنریشنز اور فنڈ کے لیے وسیع تر انصاف کا حصول ہے۔

ان بنیادی باتوں میں ٹیکس بھی شامل ہیں جو منافع، ڈیویڈنڈ، کرایہ یا کسی بھی کارپوریٹ ٹیکس، کیپٹل گین ٹیکس، ویلیو ایڈڈ ٹیکس، ڈویلپمنٹ ٹیکس، قانونی عائد محصول کے ساتھ فنڈ کے بنیادی اثاثوں سے حاصل ہونے والی دوسری آمدنی پر ادا کیا گیا ہے یا ادا کیا جائے گا، کوئی دوسرا ٹیکس، ڈیوٹی، لیوی یا عائد جو کسی قانون سازی، آرڈر، ریگولیشن کے ذریعے لاگو کیا جا سکتا ہے، یا بصورت دیگر اور دوسری صورت میں اسے مدنظر نہیں رکھا جائے گا اور جو آپریٹر کی رائے میں فنڈ پر اصل یا ممکنہ واجبات ہیں۔

D4) فنڈ ویلیوایشن اور پارٹیسپینٹ یونٹ ٹرانزیکشنز کے لیے بنیاد

ہر فنڈ کے اثاثوں کا جائزہ روزانہ کی بنیاد پر (کاروباری دن) پر دستیاب مارکیٹ کی قیمتوں پر مختص ہوتا ہے تاکہ فنڈ کی نیٹ ایسٹ ویلیو معلوم ہو سکے جو پھر ہر فنڈ کی فی یونٹ بولی کی قیمت پر پہنچنے کے لیے موجودہ یونٹس کی تعداد میں تقسیم ہو جاتی ہے۔

بولی کی قیمت وہ قیمت ہے جس پر فنڈز میں یونٹس کو بحال کیا جا سکتا ہے اور آفر قیمت وہ قیمت ہوتی ہے جس پر یونٹس خریدے جا سکتے ہیں۔

اثاثوں کی خریداری کے وقت قابل ادائیگی لاگت، ٹیکسوں کے لیے الاؤنس ڈیوٹیز اور قابل ادائیگی دیگر چارجز کو پورا کرنے کے لیے بولی اور آفر اسپریڈ کو برقرار رکھا جاتا ہے۔ اسپریڈ کے حوالے چارجز کی توثیق میں ذکر کیا گیا ہے۔

D5) یونٹس کی تشکیل اور تنسیخ

جب ایک فنڈ میں یونٹس تشکیل دیئے جاتے ہیں تب آپریٹر فنڈ میں ایک رقم شامل کرتا ہے جو اس تخمینہ شدہ مالیت سے کم نہیں ہوتی جو کہ تشکیل کردہ یونٹس کی خریداری کی ویلیوایشن کی بنیاد پر یونٹ کے نرخ سے ملٹی پلائی کر کے تشکیل دیئے گئے یونٹس کی تعداد کے مطابق ہے اور اس رقم کے ذریعے اضافہ شدہ ہے جیسا کہ آپریٹر سرمایہ کاری کے حصول کے اخراجات کے ضمن میں ضرورت تصور کرتا ہے۔

جب ایک فنڈ میں یونٹس منسوخ کیے جاتے ہیں تب آپریٹر فنڈ سے ایک رقم لیتا ہے جو اس تخمینہ شدہ مالیت سے زائد نہیں ہوتی جو کہ منسوخ کردہ یونٹس کی فروخت کی ویلیوایشن کی بنیاد پر یونٹ کے نرخ کے ذریعے ملٹی پلائی کر کے لیکویڈیٹ کردہ یونٹس کی تعداد کے مطابق ہے اور اس رقم کے ذریعے تخفیف شدہ ہے جیسا کہ آپریٹر نے سرمایہ کاریوں کے حصول کے اخراجات کے سلسلے میں ضروری تصور کیا ہے۔

D6) یونٹ کے نرخ اور راؤنڈنگ

فنڈ کی ویلیو کو ایشو میں یونٹس کی تعداد کے ذریعے منقسم کیا جاتا ہے جس کے لیے فنڈ کو بغیر راؤنڈ کئے یونٹ بڈ پرائس پر لایا جاتا ہے، اس نرخ کا تخمینہ متعدد نمایاں اعداد و شمار، خصوصاً سات پر لگایا جاتا ہے مثال کے طور پر 123.4567۔

روپوں میں بغیر راؤنڈڈ یونٹ بڈ پرائس کو ایک نیوٹرل بنیاد پر چار اعشاریہ مقامات پر راؤنڈ کیا جاتا ہے تاکہ شائع کردہ بڈ پرائس کا تعین کیا جائے۔

بغیر راؤنڈڈ بڈ پرائس کو چارجز اینڈورسمنٹ میں اندراج کے مطابق (ون۔ بڈ آفر اسپریڈ) کے ذریعے منقسم کیا گیا ہے اور شائع کردہ آفر پرائس کے تعین کے لیے چار اعشاریہ مقامات تک نیوٹرل بنیاد پر راؤنڈ کیا گیا ہے۔

D7) نرخوں کی اشاعت

پی آئی ایف یونٹ کے نرخوں سے دستیابی کے بعد مارکیٹ کے انفارمیشن وینڈرز سے جلد از جلد جاری کر دیا جاتا ہے اور ان کو آپریٹر کی ویب سائٹ www.adamjeelife.com پر بھی شائع کر دیا جاتا ہے۔

D8) فنڈز کا تعارف، انضمام اور بندش

پارٹیسپینٹ انویسٹمنٹ فنڈ (پی آئی ایف) رینج کے لیے صارفین کے ضروریات میں تبدیلی کی غرض سے نئے فنڈ بھی شامل کیے جا سکتے ہیں۔ ہر پی آئی ایف کے لئے موثر طور پر کارفرما رہنے کی غرض سے ایک کم از کم حجم برقرار رکھنا لازم ہے۔

آپریٹر تعارف کے وقت نئے فنڈز میں ذاتی رقم شامل کرتا ہے اور یونٹس کو عمومی طریقے پر تشکیل دیتا ہے تاکہ اس امر کو یقینی بنایا جائے کہ فنڈ کم از کم حجم تک پہنچ جائے گا۔ اس سلسلے کو ''سیڈنگ'' کے طور پر پہچانا جاتا ہے۔ سیڈ کی رقم صرف اس وقت واپس لے لی جاتی ہے جب فنڈ کم از کم قابل قدر حجم سے زائد نہ ہو جائے اور فنڈ کو اس سپورٹ کی مزید ضرورت نہ ہو۔

آپریٹر کسی بھی وقت فنڈز کی بندش یا فنڈز کے آپس میں انضمام کا حق محفوظ رکھتا ہے جیسا کہ وہ اس بات پر یقین رکھتا ہو کہ ایسا کرنا مناسب ہوگا۔ مثال کے طور پر یہ فیصلہ کیا جا سکتا ہے کہ ایک فنڈ مستعد طور پر منظم رہنے کے لیے ناکافی اثاثہ جات کا حامل ہے یا چونکہ سرمایہ کاریوں کو فنڈ سے ہم آہنگ رکھنے کے لیے مقاصد مزید دستیاب نہیں ہیں۔

Participants would be given written notice of any such change as early as possible, and within the minimum period applicable to their original Membership. They would be made aware of all the change options available to them and given an opportunity to indicate their preferred choice. In any case where no choice is made and notified to the Operator then the Participant will be allocated units in an alternative PIF selected by the Operator in accordance with the Membership terms and conditions.

شریک تکافل کو جتنا جلد ممکن ہو اور کم از کم نافذ العمل مدت میں ان کی اصل ممبرشپ کے اندر اس تبدیلی کے بارے میں تحریری اطلاع دے دی جائیگی۔ یہ انہیں دستیاب تمام تبدیلیوں کے آپشنز سے باخبر رکھنے اور ان کے ترجیحی انتخاب کی نشاندہی کے لیے ایک موقع دینے کی غرض سے ہوں گی۔ کسی بھی صورت میں جہاں کوئی انتخاب موجود نہ ہو اور آپریٹر کو اطلاع دے دی جائے تب شریک تکافل کو ان کی ممبرشپ کی شرائط وضوابط کے مطابق آپریٹر کی جانب سے منتخب کردہ متبادل پی آئی ایف میں یونٹس مختص کردیئے جائیں گے۔

D9. Participant's complaints

Participant's complaints about the funds are dealt with in accordance with the Operator's complaints handling procedure. Details of this procedure are sent to Participants when the Operator first responds to any complaint. Details of a Participant's statutory rights are also sent, in line with current legislation and Securities and Exchange Commission of Pakistan approved procedures.

(D9) شریک تکافل کی شکایات

فنڈز کے بارے میں شریک تکافل کی شکایات سے آپریٹر کی شکایات نمٹنے کے طریقہ کار کے مطابق نمٹا جاتا ہے۔ اس طریقہ کار کی تفصیلات شریک تکافل کو اس وقت ارسال کی جاتی ہیں جب آپریٹر کسی بھی شکایت پر پہلی کارروائی کررہا ہو۔ شریک تکافل کے قانونی حقوق کی تفصیلات بھی موجودہ قانون سازی اور سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان کے منظور شدہ طریقہ کار کے مطابق ارسال کی جاتی ہیں۔

(E) PARTICIPANT TAKAFUL FUND (PTF)

(E) پارٹیسپنٹ تکافل فنڈ (پی ٹی ایف)

The Operator has established a Waqf Fund namely Participant Takaful Fund which shall be operated by the Adamjee Life - Window Takaful Operations as per Waqf Deed and Rules. All risk related contributions pertaining to the basic and supplementary benefit(s) will be credited into the Waqf.

آپریٹر نے ایک وقف فنڈ بنام پارٹیسپنٹ تکافل فنڈ قائم کیا ہے جس کو آدم جی لائف۔ ونڈو تکافل آپریشنز کے ذریعے وقف ڈیڈ اور رولز کے مطابق چلایا جائے گا۔ خطرات سے متعلق تمام زرشمولیت جو بنیادی اور ضمنی فوائد سے متعلق ہوں ان کو وقف میں جمع کرادیا جائے گا۔

The Waqf fund will perform the following activities:

وقف فنڈ درج ذیل سرگرمیاں انجام دے گا۔

Add: Risk Related Contribution received from the Participant.

اضافہ: شریک تکافل سے خطرات سے متعلق زرشمولیت کی وصولی

Add: Share of Claims from Re-Takaful Operator.

اضافہ: ری۔تکافل آپریٹر سے کلیمز کے شیئر کی وصولی

Add: Investment income generated by the investment of funds retained in Participant Takaful Fund;

اضافہ: پارٹیسپنٹ تکافل فنڈ میں برقرار فنڈز کی سرمایہ کاری کے ذریعے حاصل کی گئی انویسٹمنٹ انکم

Add: Qard-e-Hasna (if any)

اضافہ: قرض حسنہ (اگر کوئی ہو)

Add: Commission from Re-Takaful Operator

اضافہ: ری تکافل آپریٹر سے کمیشن

Add: Share of Surplus from Re-Takaful Operator

اضافہ: ری تکافل آپریٹر کے وقف سے سرپلس کا شیئر

Add: Any Donation made by Shareholders of the Operator.

اضافہ: آپریٹر کے شیئر ہولڈرز کی جانب سے دیا گیا کوئی بھی عطیہ

Less: Any third party costs directly associated with underwriting (specifically medical examination or any consulting costs related with assessing or reducing the risks being covered), if it has been earlier credited to the Participant Takaful Fund;

تخفیف: کسی بھی تھرڈ پارٹی کے اخراجات جو انڈررائٹنگ سے منسلک ہوں (بالخصوص زرتکافل کے حامل خطرات کا جائزہ لینے یا اس کو کم کرنے سے متعلق کسی بھی طبی جانچ پڑتال یا مشاورت کے اخراجات)، اگر یہ پہلے ہی پارٹیسپنٹ تکافل فنڈ میں جمع کرادیئے گئے ہوں۔

Less: Claims paid related to risks covered under the PTF and expenses directly related to settlement of claims such as investigators' fees, etc.

تخفیف: پی ٹی ایف کے تحت زرتکافل کے حامل خطرات سے متعلق ادا کردہ کلیمز اور کلیمز کو نمٹانے سے متعلق براہ راست اخراجات جیسا کہ انویسٹی گیٹر کی فیس وغیرہ۔

Less: Re-Takaful Contribution.

تخفیف: ری تکافل زرشمولیت

Less: Operator's fees if it has been credited to the PTF.

تخفیف: آپریٹر کی فیس، اگر یہ پی ٹی ایف میں جمع کرائی گئی ہے۔

Less: Share of investment profits of the mudharib for investment management approved by the Appointed Actuary and Shariah Adviser.

تخفیف: مقررہ اکچوئری اور شریعہ ایڈوائزر کی جانب سے منظور شدہ سرکایہ کاری کے انتظام کے لیے مضارب کی سرمایہ کاری کے منافع جات کا حصہ۔

Less: Surplus distributed to Participants.

تخفیف: شریک تکافل کو تقسیم کردہ سرپلس۔

Less: Refund of any contribution due to Participants; and

تخفیف: شریک تکافل کے سبب کسی زرشمولیت کا ریفنڈ؛ اور

Less: Return of Qard-e-Hasna to the Operators fund /Operator sub-fund.

تخفیف: آپریٹر فنڈ/آپریٹر کے ضمنی فنڈ کو قرض حسنہ کی واپسی

E1. Participation in Surplus Sharing

Surplus in the Waqf, if any, shall be determined on an individual participant basis at the end of each financial year, after maintaining necessary reserves as per the advice of the Appointed Actuary and Shariah Adviser. The Distributable surplus will be allocated to the PIA as per the defined manner.

(E1) سرپلس شیئرنگ میں شراکت

وقف میں سرپلس، اگر کوئی ہو، کا تعین ہر مالیاتی سال کے اختتام پر مقررہ اکچوئری اور شریعہ ایڈوائزر کی مشاورت کے مطابق ضروری اثاثہ جات برقرار رکھنے کے بعد ایک انفرادی شریک تکافل کی بنیاد پر کیا جائے گا۔ قابل تقسیم سرپلس صراحت کردہ طریقہ کار کے مطابق پی آئی اے کو مختص کردیا جائے گا۔

E2. Mudharib's Share

The Operator shall act as Mudharib in order to manage the funds in the best interest of the PTF. For this purpose, the Operator shall be entitled to a percentage of share in the Investment income earned on the PTF as specified in the Charges Endorsement.

(E2) مضارب کا شیئر

آپریٹر پی ٹی ایف کے بہترین مفاد میں فنڈز کی سرمایہ کاری کی غرض سے بطور مضارب کارفرما رہے گا۔ اس مقصد کے لیے آپریٹر پی ٹی ایف پر حاصل کی گئی انویسٹمنٹ انکم میں ایک طے شدہ فیصدی حصے کا استحقاق کا حامل ہوگا جیسا کہ چارجز اینڈورسمنٹ میں واضح کردیا گیا ہے۔

(F) Exclusions

(F) استثنیٰ واخراج

The liability of the Operator under this Membership shall be limited to the Cash Value of the Membership, if claim arises either directly or indirectly due to the following:

اس ممبرشپ کے تحت آپریٹر کی مالی ذمہ داری ممبرشپ کی کیش ویلیو تک محدود رہے گی، اگر کلیم براہ راست یا بالواسطہ طور پر درج ذیل کی وجہ سے ہوتا ہے:

- The Person Covered, whether as a combatant or a non-combatant, participating actively in acts of terrorism.

- تکافل شدہ فرد، چاہے وہ ایک جنگجو ہو یا نہ ہو، دہشت گردی کی سرگرمیوں میں بھرپور شرکت کر رہا ہو۔

- Any illness(es), disease(s), injury(ies) or any medical condition(s) including any recurring illness(es), disease(s), injury(ies), medical condition(s) including any congenital condition, which the Person Covered contracted prior to the Issuance/Reinstatement Date, and which the Person Covered was aware of and/or was undergoing any medical treatment/tests for the same, and was not disclosed in the Membership proposal form or in any declaration of health to the Supplementary Benefits or in the application for revival, and/or for which, prior to the Issuance/Re-instatement Date, medical advice or diagnosis or treatment was recommended or given by a certified medical officer or evidence of the condition existed which would have caused any ordinary prudent person to seek diagnosis, medical advice, care or treatment from a health professional and/or failure to follow such medical advice.

- کوئی بھی بیماری (بیماریاں)، مرض (امراض)، چوٹ یا کوئی بھی طبی صورتحال بشمول کوئی بھی مستقل بیماری (بیماریاں)، مرض (امراض)، زخم، طبی یا جسمانی صورتحال بشمول پیدائشی بیماری جس میں تکافل شدہ فرد اجراء/ری انسٹیٹمنٹ کی تاریخ سے قبل مبتلا ہو اور جس سے تکافل شدہ فرد واقف رہا ہو اور/ یا اس سلسلے میں کسی میڈیکل علاج/ٹریٹمنٹ کراتا رہا ہو، اور اسے ممبرشپ کے تجویزی فارم یا ضمنی فوائد سے متعلق ہیلتھ کے ڈیکلریشن یا تجدید کے لیے درخواست میں واضح نہ کیا گیا ہو، اور/ یا جس کے لیے اجراء/ری۔انسٹیٹمنٹ کی تاریخ سے قبل طبی مشاورت یا مرض کی تشخیص یا علاج تجویز کیا گیا ہو یا کسی مصدقہ میڈیکل آفیسر کی جانب سے ہدایت کی گئی ہو یا ایسی صورتحال کے شواہد پائے گئے ہوں جو کسی عمومی محتاط شخص کو کسی ماہر صحت سے مرض کی تشخیص، طبی مشاورت، دیکھ بھال یا علاج کے لیے اشارہ دیتے ہوں، اور/ یا ایسی کوئی طبی مشاورت میں ناکامی کے بعد کی صورتحال درپیش ہو۔

- Suicide within the first thirteen months from the Inception Date, Reinstatement Date or Date of Increase in Sum Covered, whichever comes later. However, in case of increase in Sum Cover, original Sum Cover shall be payable if suicide occurs after thirteen months of the Inception Date or Reinstatement Date, whichever comes later;

- اجراء کی تاریخ، بحالی کی تاریخ یا زرتکافل کی رقم میں اضافے کی تاریخ، جو بھی بعد میں ہو، کے پہلے تیرہ ماہ کے اندر خودکشی۔ تاہم زرتکافل کی رقم میں اضافے کی صورت میں اصل زرتکافل کی رقم قابل ادا ہوگی اگر خودکشی اجراء کی تاریخ یا بحالی کی تاریخ، جو بعد میں ہو، کے تیرہ ماہ کے بعد کی گئی ہو۔

- The commission of or attempted commission of an assault or any unlawful act, or being engaged in any illegal activity, including but not limited to self-harm, drug overdose, and alcohol abuse.

- کسی قتل اقدام قتل یا غیر قانونی کارروائی کی کوشش یا کسی غیر قانونی سرگرمیوں، بشمول تاہم اس تک محدود نہیں، خود کو نقصان پہنچانا، منشیات کا استعمال، کثرت شراب نوشی۔

(G) Changes in Fund Practices

These Practices may not be altered except by an officially authorised and signed Endorsement issued by the Operator, unless otherwise provided for in these Fund Practices.

Should there be any change in the legal or economic environment affecting the Membership or the Funds or should there be a change in circumstances which, in the opinion of the Operator, makes it impractical or impossible to give full effect to all these Fund Practices, these Fund Practices and the benefits so conferred may be varied by the Operator whilst aiming to keep as close as practicable to the practice before the changes.

(G) فنڈ پریکٹسز میں تبدیلیاں

ان پریکٹسز میں ترامیم نہیں کی جاسکتیں ماسوائے آپریٹر کی جانب سے جاری کردہ کوئی مجاز افسر اور دستخط شدہ اینڈورسمنٹ، تاوقتیکہ ان فنڈ پریکٹسز میں کوئی دیگر طریقہ کار فراہم نہ کیا گیا ہو۔

کسی قانونی یا اقتصادی ماحول میں کوئی تبدیلی ہونی چاہیے جو ممبرشپ یا فنڈز کو متاثر کر رہی ہے یا ایسے حالات میں کسی تبدیلی کی ضرورت ہے جو آپریٹر کی رائے میں ہو اور ان فنڈ پریکٹسز، ان فنڈ پریکٹسز اور فوائد کو مکمل موثر بنانے کے لیے غیر عملی یا ناممکن بناتی ہو، جو آپریٹر کی جانب سے دیئے جا رہے ہوں اور ان میں تبدیلی کی جاسکتی ہو، جبکہ تبدیلیوں سے قبل عملی طور پر قابل عمل حد تک قریب رہنا مقصود ہو۔

Disclaimer

The English language version of this document shall be controlling in all respects; and shall prevail in case of any inconsistencies with the translated version.

انتباہ

اس دستاویز کا انگریزی مواد ہر لحاظ سے بالا تصور ہو گا اور اگر اردو مواد سے کوئی تضاد پایا گیا تو حتمی فیصلہ انگریزی مواد کی بنیاد پر ہوگا۔

STAMPS